سوال

(347) رخصتی سے پہلے خاوند کا انتقال

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

زید کی شادی ہندہ سے ایک سال کا عرصہ ہوا ہوئی تھی۔ لیکن رخصتی نہ ہوئی زید انتقال کرگیا۔ آیا ہندہ مہر کی مستحق ہے۔ یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہندہ نصف مہر کی مستحق ہے۔ بحکم قرآن مجید فنصف ما فرضتم۔ (اہل حدیث امرتسر ١٨جمادي الاول ١٣٦٢ ہجري)

شرفیہ

یہ کیسے صحیح ہوسکتا ہے۔ اس لئے کہ سوال میں متوفی عنہا کا ذکر ہے۔ اور جواب میں مطلقہ کا ملاحظہ ہو آیت محولہ بالاوان

وَإِن طَلَّقْتُمُوهُنَّ مِن قَبْلِ أَن تَمَسُّوهُنَّ وَقَدْ فَرَضْتُمْ لَهُنَّ فَرِيضَةً فَنِصْفُ مَا فَرَضْتُمْ (پ3ع15)

لہذا صورت مرقومہ میں پورا مہر ملے گا۔ کما تقدیم فی حدیث ابن مسعود رضی اللہ عنہ (ابو سعید شرف الدین دھلوی)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد2 ص331